پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر کی نومنتخب قیادت سے ایم این اے شازیہ فرید، آل پاکستان سلک ریان ایسوسی ایشن و آزاد گروپ کے وفد کی ملاقات

گوجرانوالہ: ایم این اے شازیہ فرید، آل پاکستان سلک ریان ایسوسی ایشن، آزاد گروپ اور پاور لومز سیکٹر کے نمائندہ وفد نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نومنتخب قیادت کو کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور صنعت و تجارت کو درپیش مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں ٹیکسٹائل سٹی کے قیام، بجلی کے کنکشنز کی بحالی، ماحولیاتی ضوابط، صنعتی اسٹیٹس اور افغانستان کے ساتھ تجارتی سرگرمیوں میں تعطل سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، چیئرمین بزنس گروپ و سابق صدر رانا ناصر محمود، سابق صدور عاصم انیس اور رانا محمد صدیق خان، سابق چیئرمین جی ڈی اے عامر رحمان، سابق سینئر نائب صدور آصف مظفر اور احمد نوید رانجھا، ایگزیکٹو ممبر و سابق نائب صدر وقاص افضل مغل سمیت چیمبر کے سینئر رہنما اور ایگزیکٹو ممبران موجود تھے۔

صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر کی نومنتخب قیادت صنعت کاروں اور تاجروں کو سہولیات فراہم کرنے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کو فعال کر دیا گیا ہے، جہاں کاروباری افراد متعلقہ سرکاری محکموں کی سہولیات سے باآسانی استفادہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل اور سلک ریان گوجرانوالہ کی اہم صنعتی و تجارتی شناخت ہیں۔ ٹیکسٹائل سیکٹر کے لیے علیحدہ ٹیکسٹائل سٹی کے قیام کی غرض سے وزارتِ صنعت و پیداوار کے متعلقہ حکام سے بات چیت جاری ہے، جس کے لیے صنعت کاروں اور متعلقہ تنظیموں کا تعاون ازحد ضروری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سرکاری اداروں کے ساتھ قریبی رابطے جاری رکھے جائیں گے۔

صدر چیمبر نے مزید بتایا کہ گیپکو کے چیف ایگزیکٹو سے ملاقات میں بجلی کے منقطع کنکشنز کی بحالی اور دیگر مسائل پر بات ہوئی ہے، جس پر متعلقہ صارفین کو درخواستیں جمع کروانے کے لیے ایک ماہ کی مہلت دی گئی ہے۔ ماحولیاتی امور کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (ای پی اے) کے ساتھ ملاقات میں صنعتی شعبے کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا اور متعلقہ حکام کی جانب سے تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔ افغانستان کے ساتھ تجارت میں تعطل پر گفتگو کرتے ہوئے صدر چیمبر نے کہا کہ سرحدی صورتحال کے باعث دوطرفہ تجارتی سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں، جس سے کاروباری طبقے کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

رکن قومی اسمبلی شازیہ فرید نے گوجرانوالہ چیمبر کی نومنتخب قیادت کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کاروباری برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور صنعت کاروں و تاجروں کے مسائل کا حل معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ کاروباری برادری کے مسائل متعلقہ وزارتوں اور حکام تک پہنچائے جائیں گے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ان کا اپنا شہر ہے اور اس کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے؛ وہ محض زبانی وعدوں کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے کاروباری برادری کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ بزنس گروپ کی اہم خوبی لوگوں کو متحد رکھنا اور باہمی تعاون کو فروغ دینا ہے، جبکہ وہ خود اور ان کی ٹیم صنعت کاروں اور تاجروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ افغانستان کے ساتھ تجارت کی بحالی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ خارجہ پالیسی اور حکومتی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے ممکنہ کوششیں بروئے کار لائی جائیں گی۔

وفد میں آزاد گروپ کے چیئرمین قمر دلبر انصاری، صدر احمد نوید رانجھا، سرپرستِ اعلیٰ حاجی غلام مصطفیٰ، آل پاکستان سلک ریان ایسوسی ایشن اور پاور لومز سیکٹر کے نمائندگان بشمول صدر پاور لومز سیکٹر شیخ وسیم اور حاجی طیب سمیت دیگر اہم قائدین شامل تھے۔

PRESS RELEASE

MNA Shazia Fareed, Delegations from All Pakistan Silk Rayon Association and Azad Group Call on Newly Elected GCCI Leadership

GUJRANWALA: A high-profile representative delegation comprising Member of National Assembly (MNA) Shazia Fareed, alongside office-bearers from the All Pakistan Silk Rayon Association, Azad Group, and the Power Looms sector, visited the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) to congratulate the newly elected leadership on their electoral success and reaffirm mutual cooperation toward resolving trade and industrial challenges. Comprehensive deliberations were held on key issues including the establishment of a dedicated Textile City, restoration of severed industrial power connections, environmental regulations, industrial estates, and trade disruptions along the Afghan border.

The meeting was attended by President GCCI Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, Chairman Business Group & former President Rana Nasir Mahmood, former Presidents Asim Anees and Rana Muhammad Siddique Khan, former Chairman GDA Amir Rehman, former Senior Vice Presidents Asif Muzaffar and Ahmad Naveed Ranjha, Executive Member & former Vice President Waqas Afzal Mughal, alongside other prominent Chamber leaders and Executive Committee members.

Welcoming the delegation, President GCCI Sheikh Ghulam Hussain Judge emphasized that the newly elected administration has proactively initiated pragmatic steps to facilitate industrialists and solve their pressing problems. He highlighted the reactivation of the Business Facilitation Centre (BFC) within the Chamber, offering streamlined one-window access to key government services. He noted that textile and silk rayon represent pivotal industrial pillars of Gujranwala. Constructive dialogue is currently underway with the Ministry of Industries and Production regarding the establishment of a dedicated Textile City, requiring unified support from industry stakeholders. He reaffirmed that continuous coordination with relevant governmental bodies will be sustained to resolve commercial bottlenecks.

President GCCI further shared that during a recent meeting with the Chief Executive Officer of GEPCO, issues surrounding disconnected power connections were addressed, resulting in a one-month grace period for affected consumers to submit restoration applications. Regarding environmental concerns, constructive talks were held with the Environmental Protection Agency (EPA), securing regulatory assurances for industrial units. Touching upon cross-border trade disruptions with Afghanistan, he highlighted the adverse impact of border constraints on bilateral commerce and local merchants.

Felicitating the newly elected Chamber leadership, MNA Shazia Fareed affirmed that the business community forms the backbone of the national economy, and mitigating their operational hardships is essential for sustainable economic growth. She pledged full legislative and parliamentary advocacy to take up their grievances with federal ministries and relevant regulatory authorities. Affirming Gujranwala as her home city whose advancement remains her primary agenda, she reiterated her commitment to practical relief rather than rhetorical promises. She lauded the Business Group's inclusive vision of fostering unity and

assured concerted collaboration with industrialists, adding that viable diplomatic and policy channels will be pursued to facilitate normalized trade with Afghanistan.

The visiting delegation prominently included Chairman Azad Group Qamar Dilbar Ansari, President Ahmad Naveed Ranjha, Patron-in-Chief Haji Ghulam Mustafa, representatives of the All Pakistan Silk Rayon Association, President Power Looms Sector Sheikh Waseem, Haji Tayyab, and other senior trade figures.